MRD-XII-16(A)

Signature of Supdt. ______________

Roll No. ______________

# اُردو "لازمی" (پارٹ-II)

(Fresh / New Course)

Fic No. ______________

---

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

Fic No. ______________


# اُردو "لازمی" (پارٹ-II)

(Fresh / New Course)


کل وقت: 3 گھنٹے

کل نمبرات: 100

نوٹ: اس پرچے کے تین سیکشن ہیں۔ سیکشن الف، ب اور ج۔ سیکشن الف کو مقررہ وقت کے اندر حل کر کے سپرنٹنڈنٹ صاحب کے حوالے کریں۔

وقت: 20 منٹ

## "سیکشن الف"

نمبر: 20

نوٹ: اس حصے کیلئے یہی شیٹ استعمال کریں۔ کاٹ کر، مٹا کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جواب پر کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

سوال 1: ہر جز کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب کر کے سامنے دیے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) ایک ............ کے آنے پر لوگوں میں کچھ قیل و قال ہوئی۔
(الف) سپاہی (ب) تاجر (ج) رابعہ (د) دوست
جواب: ج

(ii) افسانہ "منظور" کس کی تصنیف ہے؟
(الف) منٹو (ب) شوکت صدیقی (ج) محمد حسین آزاد (د) شاہد احمد دہلوی
جواب: الف

(iii) مرزا اشفاق بیگ کی والدہ مرزا سلیم کی ............ تھی۔
(الف) خالہ (ب) بہن (ج) پھوپھی (د) استانی
جواب: ب

(iv) اختر کو دل کا عارضہ ہے جسے ............ کہتے ہیں۔
(الف) فالج (ب) کورونری آرٹری (ج) کورونری تھرمبوس (د) اختلاجی
جواب: ج

(v) مولانا شبلی نعمانی ضلع ............ کے گاؤں بندول میں پیدا ہوئے۔
(الف) اعظم گڑھ (ب) علی گڑھ (ج) شیر گڑھ (د) شکر گڑھ
جواب: الف

(vi) افسانہ "کتبہ" ............ کی تحریر تخلیق ہے۔
(الف) غلام عباس (ب) اشفاق احمد (ج) الطاف فاطمہ (د) فارغ بخاری
جواب: الف

(vii) ہر خراش کے اندر ایک ............ ہوتا ہے۔
(الف) مقصد (ب) اشک (ج) معمہ (د) خلا
جواب: د

(viii) نظم "ستارے" ہیئت کے لحاظ سے ............ ہے۔
(الف) مسدس (ب) سانیٹ (ج) آزاد نظم (د) معریٰ نظم
جواب: ب

(ix) سقراط یونان کے مشہور اور نامور حکما میں سے تھا۔ ............ میں پیدا ہوا۔
(الف) ایتھنس (ب) اسپارٹا (ج) ایلیا (د) مقدونیہ
جواب: الف

(x) الطاف فاطمہ کا سبق "کنڈکٹر" صنف کے لحاظ سے ............ ہے۔
(الف) داستان (ب) ناول (ج) ڈرامہ (د) افسانہ
جواب: د

(xi) وہ حروف جو دو کلموں یا جملوں کو آپس میں ملائیں ............ کہلاتے ہیں۔
(الف) حروف اضافت (ب) حروف علت (ج) حروف عطف (د) حروف جار
جواب: ج

(xii) "جنہیں میں ڈھونڈتا تھا آسمانوں میں زمینوں میں" کس کا مصرع ہے؟
(الف) علامہ اقبال (ب) فیض (ج) ناصر کاظمی (د) شہزاد احمد
جواب: الف

(xiii) ڈاکٹر وزیر آغا نے ............ یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔
(الف) پشاور (ب) پنجاب (ج) کراچی (د) ملتان
جواب: ب

(xiv) لالو کے خدوخال پر ............ کی گہری چھاپ تھی۔
(الف) حماقت (ب) سنجیدگی (ج) ہوش (د) ذہانت
جواب: الف

(xv) جوش ملیح آبادی کا اصل نام ............ تھا۔
(الف) شبیر خان (ب) شبیر حسن خان (ج) شبیر جان (د) شبیر احمد
جواب: ب

(xvi) شعر کے آخر میں قافیے کے بعد جوں کے توں دہرائے جانے والے الفاظ ............ کہلاتے ہیں۔
(الف) ردیف (ب) مطلع (ج) تکرار (د) تخلص
جواب: الف

(xvii) علامہ اقبال جاڑے کے دنوں میں بڑے چاؤ سے ............ پکواتے تھے۔
(الف) دال چاول (ب) شب دیگ (ج) قورمہ (د) کباب
جواب: ب

(xviii) خدا شکر خورے کو ............ دیتا ہے۔
(الف) شکر (ب) چینی (ج) گڑ (د) میٹھا
جواب: الف

(xix) "اُس نے سانپ کو مار ڈالا" میں "ڈالا" گرامر کی رو سے ............ ہے۔
(الف) اصل فعل (ب) فعل ناقص (ج) فعل امر (د) امدادی فعل
جواب: د

(xx) گزرگاہِ خیال اور سفرِ منزلِ شب ............ ہیں۔
(الف) مرکبات توصیفی (ب) مرکبات اضافی (ج) مرکبات عطفی (د) مرکبات جاری
جواب: ب

eduvision.edu.pk

MRD-XII-16(A)

# اُردو "لازمی" (پارٹ-II)

(Fresh / New Course)

وقت: 2:40 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　نمبر: 80

## سیکشن "ب"　　　　　　　　　　　　　　　　　　نمبر: 50

سوال 2۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے (دس) اجزاء حل کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) شاعر کی ذات میں الجھاؤ کی کیا وجہ ہے؟　　(ii) "اس نے سدا خوش رہنے کا گر اپنی اس شدید علالت سے سیکھا تھا" جملے کی وضاحت کریں۔

(iii) مولوی صاحب کا حلیہ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔　　(iv) افسانہ "محسن محلّہ" کا مرکزی خیال لکھیں۔

(v) قیام پاکستان کے بعد لالو نے اپنی زندگی کیسے گزاری؟　　(vi) شریف حسین نے سنگِ مرمر کے ٹکڑے کا کیا مصرف سوچا؟

(vii) قومی نصب العین کے حصول کا سیدھا راستہ کون سا ہے؟　　(viii) علامہ اقبال کی نظم "جوابِ شکوہ" میں مسلمانوں کی کن کمزوریوں کا ذکر ہے؟

(ix) میدانِ وفا دربار نہیں یاں نام و نسب کی پوچھ کہاں؛ مصرعے کی وضاحت کریں۔

(x) محلے کے بزرگ کے سمجھانے پر رجب صاحب کا کیا جواب تھا؟

(xi) درج ذیل الفاظ پر اعراب لگائیں اور معنی لکھیں۔　مجتہدین، متصرف، اولوالعزم، معین، برافروختہ

(xii) تشبیہ اور استعارے کی تعریف کریں، نیز ایک ایک شعری مثال دیں۔

(xiii) درج ذیل تراکیب اور محاورات کو اپنے جملوں میں یوں استعمال کریں کہ ان کا مطلب واضح ہو جائے۔

گرد و کشیر، تاسیس و تشکیل، نظر ثانی، شیر و شکر ہونا، ناکوں چنے چبوانا

eduvision.edu.pk

## سیکشن "ج"　　　　　　　　　　　　　　　　　　نمبر: 30

سوال 3۔ متن، مصنف اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔

الف) ایک انبوہِ کثیر ایرانی و تورانی لوگوں کا دیکھا کہ سب معقول اور خوش وضع لوگ تھے مگر انداز ہر ایک کے جدا جدا تھے بعض کے ہاتھوں میں اجزا اور بعض کی بغل میں کتاب تھی کہ اوراق ان کے نقش و نگار سے گلزار تھے وہ دعوے کرتے تھے کہ ہم معانی و مضامین کے مصور ہیں۔

ب) صوفی منش ہونے کے سبب روشن خیال اور وسیع المشرب واقع ہوئے تھے۔ پشاور سے بریلی تک آپ کے عقیدت مندوں کا حلقہ پھیلا ہوا تھا۔ دائرۂ ادبیہ کا چھوٹا سا دفتر جو محلہ شاہ ولی قتال قصہ خوانی میں واقع تھا، ضیاء کی ہمہ رنگ شخصیت کا آئینہ دار تھا۔ جہاں ادیبوں، سیاست دانوں، آرٹسٹوں، صحافیوں، مجذوبوں اور علماء و فضلا کا ہر وقت جمگھٹا لگا رہتا۔

سوال 4۔ نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

الف)
سپاہیانہ زندگی جو قسمت سعید ہے
تو رزم گہ کی موت بھی سپاہیانہ عید ہے
جیا تو فخرِ قوم ہے مرا تو وہ شہید ہے
سروں سے باندھ کر کفن بڑھے چلو، بڑھے چلو
دلاورانِ تیغ زن بڑھے چلو، بڑھے چلو
بہادرانِ صف شکن بڑھے چلو، بڑھے چلو

ب)
کون کہتا ہے کہ موت آئی تو مر جاؤں گا
میں تو دریا ہوں سمندر میں اُتر جاؤں گا
تیرا پیمانِ وفا راہ کی دیوار بنا
ورنہ سوچا تھا کہ جب چاہوں گا مر جاؤں گا

سوال 5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون لکھیں۔

الف) غالب: میرا پسندیدہ شاعر

ب) اسلام میں عورت کا مقام

ج) حب الوطنی